© rasailojaraid.com

# قلب وذہن جیتنے کی جنگ

آج کوئی ملک جزیرہ نہیں
کہ دنیا سے الگ ہو کر اپنی تہذیب و ثقافت کو بچالے۔

آج مسلم ممالک اور معاشروں میں اسلامی اقدار کو حقیقی خطرات درپیش ہیں
ان کا مقابلہ دفاعی اقدامات سے نہیں کیا جاسکتا
ایسی جنگ میں دفاعی اقدامات کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔

اس کا ایک ہی طریقہ ہے
اپنی نئی نسلوں کو اسلامی تہذیب اور اقدار کا چلتا پھرتا نمونہ بنادیں
اور یہ معاشرے کی تعمیر کے لیے میدان میں نکل آئیں۔

تہذیبوں کی جنگ نوجوانوں کے قلب وذہن جیتنے کی جنگ ہے
نئی نسل کو اپنی اقدار پر احساسِ فخر سے مالا مال کردیں
ان مرعوب لڑکوں اور لڑکیوں میں جن کے لیے نقالی اوجِ کمال ہے، انقلاب برپا ہوجائے گا
وہ مغرب سے لینے والے نہ ہوں گے، مغرب کو دینے کی پوزیشن میں آجائیں گے۔
وہ اسلام کو غالب کریں گے،
نفرت اور جارحیت سے نہیں، اعلیٰ اخلاق اور شائستہ اطوار سے۔

(خیرخواہ)

© rasailojaraid.com